نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت جنوبی پنجاب میں کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق لاہور میں جائزہ اجلاس کا انعقاد

لاہور19 ستمبر 2023( ) سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا ہے کہ ڈرونز اور ہیلی کاپٹرز کی مدد سے ڈیرہ غازی خان ڈویژن میں مجموعی طور پر 57ہزار ایکڑ جبکہ 8ہزار ایکڑ پر پاور سپریئرز کی مدد سے جدید کیمسٹری کی حامل زرعی زہروں کا سپرے کیا گیا جس سے سفید مکھی کے حملے میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے۔محکمہ زراعت کی خصوصی ٹیمیں اس دوران کاشتکاروں کے شانہ بشانہ شریک رہیں ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ کپاس کی فصل سے بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے اگلے ماہ تک کپاس کے علاقوں میں کاشتکاروں کے ٹیل اینڈ تک پانی کی فراہمی کے لئے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کئے جائیں۔وہ آج جنوبی پنجاب میں کپاس کی موجودہ صورتحال سے متعلق لاہور میں منعقدہ جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے تھے۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) ڈاکٹر اشتیاق حسن، ڈائریکٹر جنرل زراعت (پیسٹ وارننگ) پنجاب رانا فقیر حسین، ڈائریکٹر جنرل زرعی شماریات ڈاکٹر عبدالقیوم اور ڈائریکٹر زرعی اطلاعات پنجاب رائے مدثر عباس سمیت دیگر افسران شریک ہوئے جبکہ ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور کے کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز، محکمہ آبپاشی کے افسران اور ڈویژنل ڈائریکٹرز زراعت توسیع نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔بریفنگ کے دوران سیکرٹری زراعت کو بتایا گیا کہ صوبہ بھر میں کپاس کی مجموعی حالت تسلی بخش ہے اور اگیتی فصل کی چنائی جاری ہے جبکہ موسمی فصل کی چنائی کا آغاز بھی ہو چکا ہے۔کاشتکاروں کو رواں ماہ کے دوران کپاس کی آبپاشی، نیوٹریشن اور پیسٹ مینجمنٹ سے متعلق راہنمائی فراہم کی جارہی ہے۔امسال جنوبی پنجاب میں اب تک کپاس کی پیداوار گزشتہ سال کی نسبت دوگنی حاصل ہورہی ہے۔کپاس کی مارکیٹ مستحکم ہے اور کاشتکاروں کو بہتر ریٹ مل رہا ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے ضلعی انتظامیہ کے افسران کو کپاس کی فصل سے متعلق مسائل روزانہ کی بنیاد پر حل کرنے پر زور دیا تا کہ کپاس کے پیداواری ہدف کا حصول ممکن بنایا جا سکے۔انھوں نے واضح کیا کہ کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کاشتکاروں کی خوشحالی اور ملکی معیشت میں استحکام کی ضامن ہے۔اس لئے کپاس کی فی ایکڑ زیادہ پیداوار کے لئے ضلعی انتظامیہ کے اعلیٰ افسران اور تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز اگلے ماہ کے آخر تک اس مہم کو قومی جذبے کے ساتھ سرانجام دیں۔

☆☆☆☆